تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 02, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اسکول ٹیچر کو مدھیہ پردیش اردو اکادمی کا موقر ادبی ایوارڈ ملا

سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی استاد اور ممتاز فکشن نگار ڈاکٹر رخشندہ روحی مہدی کو ان کے افسانوی مجموعہ 'مانسون اسٹور' کے لیے مدھیہ پردیش اردو اکادمی کا حامد سعید خان ایوارڈ ملا ہے۔ انھیں اس موقر انعام کی رقم کے طور پر مبلغ اکیاون ہزار روپے ملیں گے۔

یہ ایوارڈ ترقی پسند خواتین کی کوششوں اور ان کے غیر معمولی کارناموں کے اعتراف میں دیا جاتا ہے، جنھوں نے روکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے اپنے اپنے میدانوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔

پروفیسر نجمہ اختر شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈاکٹر رخشندہ روحی کو مبارک باد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ڈاکٹر رخشندہ نے کہا کہ 'میں بے حد ممنون و مشکور ہوں کہ مجھے اس انعام کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ میں اپنی تحریروں کے تئیں جذباتی ہوں اور یہ انعام بجا طور پر اس بات کو ظاہر کرتا ہے یعنی زندگیوں کو بہتر کرنے میں ایک عورت کی ہمت اور اس کے حوصلے کا اہم کردار ہوتا ہے۔ سوسائٹی میں خواتین کو با اختیار بنانے کے سلسلے میں اپنی کوششیں جاری رکھوں گی'۔

'مانسون اسٹور' کے علاوہ ان کی اردو کہانیوں کا ایک مجموعہ 'مگر ایک شاخ نہالِ غم' ہے۔ انھوں نے ہندی کہانیوں کا ایک مجموعہ 'ایک خواب جاگتی آنکھوں کا' کے عنوان سے لکھا ہے۔ صوفی ازم کے موضوع پر ان کی ایک کتاب 'الخذس' بھی ہے۔

انھوں نے اردو کے دو ناولوں 'آخری سواریاں' اور ایک پاکستانی ناول 'نولکھی کوٹھی' کو ہندی زبان میں ترجمہ بھی کیا ہے۔

اس سے قبل ڈی ڈی اردو نے ان کے افسانے 'بہت سنبھالا وفا کا پیماں مگر۔۔۔' پر ایک ٹیلی فلم 'چلمن کے پار' کے نام سے نشر کی تھی۔ رام لال بھون نئی دہلی میں ان کے ایک افسانے پر 'کہاں ہے منزل راہِ تمنا' کے عنوان سے ایک پلے بھی اسٹیج کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ انھوں نے متعدد مقالات و مضامین لکھے ہیں جو ملک کے اہم رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ وہ آل انڈیا

ریڈیو اور ڈی ڈی اردو کے ٹاک شوز میں پابندی سے حصہ لیتی ہیں۔

ان کی ادبی خدمات کے اعتراف میں انھیں متعدد اعزازات سے نوازا جا چکا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی